# کنکشن معلومات تبادلہ سروسز

کینیڈا کی تحریکیں برائے سماجی تبدیلی کے لیئے **کنکشن (Connexions)** ایک اون لائن مرکزی لائبریری اور محافظ خانہ ہے۔ غیر منافع بخش منصوبے کینیڈا اور بین الاقوامی تنظیموں اور این جی او (NGO) کی جامع ڈائریکٹری بھی برقرار رکھتا ہے۔

ایک ادارا برائے تبادلہ قومی معلومات جو شہری اور دہی غربت کے معاملات کے ساتھ ملوث سطحی طور بر سر گرم ِ عمل کارکنوں کے لیئے 1975 میں قائم کیا گیا تھا، یہ منصوبہ حقیقت میں کینیڈین انفارمیشن شیرینگ سروس (Canadian Information Sharing Service ) کہلاتا تھا ۔ اس منصوبہ کی عملی کاروائی کا مقصد سطحی طور پر سر گرم عمل کارکنوں کا ایک دوسرے کے ساتھ ، اور معلومات، خیالات اور مسائل کے ساتھ رابطہ کا زیادہ واضع طور پر شناخت کے لیئے 1978 میں یہ نام تبدیل کر کے کنکشن (Connexions) رکھ دیا گیا تھا ۔ اس منصوبے کے مقصد کو طول دینے میں نیٹو حقوق (Native Rights) ، تیسری دنیا کی ترقی، خواتین کے اختیارات، امن، انسانی حقوق، اور دیگر مسائل شامل ہیں۔ یہ منصوبہ نیوز لیٹر- فرمیٹ کنکشن ڈائجسٹ ( newsletter – format Connexions Digest ) کے ذریعہ ملک بھر کے شرکاء سے حاصل کردہ دستاویزات اور مواد کو کشید کر کے فہرست شدہ مضامین کے خلاصہ کی شکل میں تقسیم کیا گیا ہے ۔

کنکشن کی تشکیل ایک غیر منافع کارپوریشن کے طور پرکی گئی ہے جو قانونی نام کے تحت کنکشن آرکائیو اور لائبریری (Connexions Archive and Library) کہلاتا ہے۔

پرنٹ کی بنیاد بر کنکشن نے اپنے وجود کے پہلے دو دہائی میں ،4000 سے زائد دستاویزات، مضامین، رپورٹیں، اور کتابوں کے مواد کے ساتھ ہی ساتھ تنظیموں اور منصوبوں کے خاکوں کا خلاصہ کیا ہے، جس کے عمل کے دوران کینیڈا کے سیاسی کارکنوں اور سماجی انصاف کے مسائل سے تعلق رکھنے والے محققین کے لئے ایک اہم وسائل کی چابی اور نیٹورکنگ کا آلہ بن گیا ہے۔

1980 اور 1990 کے دہائ میں اس نے ایک وسیع پیمانے بر تقسیم شدہ سماجی اور ماحولیاتی مآخذ کے متابادل، کنکشن انویل (The Connexions Annual) شایع کیا ۔ کنکشن انویل سماجی تبدیلی کے لیئے تحریکوں کے موجودہ مسائل کا سامنہ کرتے ہوئے جائزہ پر مبنی مضامین، اس کے ساتھ وسائل کے فہرستوں اور وسیع ڈائریکٹری لسٹنگ، اور تبدیلی کے لیئے کام کرنے والے گراسروٹس گروپس کے خاکوں کا مجموعہ ہے۔ کنکشن انوئل کا آخری پرنٹ ایڈیشن 1994 میں شایع کیا گیا۔

1990 کے درمیان میں کنکشن آن لائن ہو گیا، اور منظم طور پر کینیڈین اور بینالاقوامی نئے وسائل اپنے آن لائن لائبریری میں شامل کرنے لگا اور اس کے ساتھ ہی ساتھ اپنے پرنٹ شدہ وسائل کے بڑھتے ہوئے مجموعہ کو اعداد میں تبدیل کرنے کر نے والے جاری کردہ پروگرام کی پیروی کرتا رہا۔ کنکشنز آن لائن _ [www.connexions.org] اب انسانی حقوق ، شہری آزادی، سماجی انصاف، اقتصادی حل، جمہوریت سازی، خواتین کے مسائل، ہم جنس پرست مرد، نسوانی ہم جنس پرست اور دو جنسی حقوق، فرسٹ نیشنز اور نیٹو پیپلز (First Nations and Native Peoples) کے مسائل، متبادل طرز زندگی، اور ماحولیاتی مسائل سے متعلق 40،000 سے زائد دستاویزات کی ایک آن لائن لائبریری کی میزبانی کرتا ہے۔ زیادہ تر مضامین انگریزی میں ہیں، لیکن مضامین کی بڑھتی ہوئی تعداد، ساتھ ہی مینو اور موضوع کے عنوانات کے ترجمے، فرانسیسی، ہسپانوی، جرمن، پرتگالی اور پولش جیسے دیگر زبانوں میں کیے جا رہے ہیں ۔

کنکشن لائبریری اگرچہ سب سے پڑا نہیں، پرایک سب سے بڑا، موجودہ سماجی تبدیلی کے دستاویزات کے انسانی فہرست کا محافظ خانہ ہے۔ لائبریری اف کانگرس اور ڈیوی ڈیسیمل (Library of Congress and Dewey Decimal)موضوع کے درجہ بندی کے استعمال کے علاوہ کنکشن بشمول ذرائع، کنیڈین ڈائریکٹری کے ماہرین اور ترجمان کی طرف سے تیار کردہ 20،000 سے زائد موضوعی سرخیوں کے ایک مخصوص ڈیزائن کردہ کنٹرولڈ وکیبلری (controlled- vocabulary) کا ڈیٹا بیس بھی کنکشن استعمال کرتا ہے۔ کنکشن نے 1993 میں ذرایع کے ساتھ کام کیا، جب ذرایع ناشر بیری زویکر( Barrie Zwicker )، جو ایک ذرائع ابلاغ کے نقاد اور امن فعالیت پسند ہیں، کنکشن کوارڈینیٹر اولی ڈیمر (Connexions Co-ordinator Ulli Diemer) کو ایک مشترکہ منصوبہ کے تحت آن لائن کینیڈین ایسوسی ایشنز کی ڈائریکٹری تیار کرنے کی پیشکش کی ۔

کنکشن سائٹ پر ایک علیحدہ وسائل کنکشن ڈائریکٹری اف ایسوسی ایشن بھی موجود ہے، جہاں پر اب 10،000 سے زائد موضوعات پر مبنی فہرست کے تحت 1،000 سے زائد تنظیموں کا اندراج ہے۔

کنکشن ایک کنکشن کلینڈر [www.connexions.org/Calendar] بھی برقرار رکھتا ہے جس میں کینیڈا کی سماجی تبدیلی سے متعلق اہم واقعات کی سب سے جامع فہرست شامل ہے۔

کنکشن اسرائیل اور فلسطین سے متعلق ترتیب شدہ مواد ایک وسیع پیمانے پر مہیا کرتا ہے، جس کی خصوصیات وسائل کی شکل میں "ان لوگوں کے لئے ہے جو یقین رکھتے ہیں کہ اس تنازعہ کے ممکنہ حل کی بنیاد صرف انصاف، مساوات، انسانی حقوق کا احترام، باہمی شناخت اور فلسطینی علاقوں پر اسرائیلی قبضے کے خاتمے پر ہے"۔

کنکشن 1649سے لے کر اب تک دیگر مخصوص زخیروں پر مبنی مجموؤں کے، بشمول ایک سیاسی منشور (manifestos) برقرار رکھتا ہے۔

کنکشن کی میزبانی میں شامل دی ریڈ مینس (The Red Menace) ایک لبرٹیرین سوسیالسٹ (a libertarian socialist) کا اطلاع نامہ ہے، جسے 1976 سے لے کر 1980 تک دی لبرٹیرین سوسیالسٹ کلیکٹو (The Libertarian Socialist Collective) نے شایع کیا، اس کے ساتھ ہی سیون نیوز کی ایک جزوی دستاویز، جو مشرق مرکزی ٹورونٹو میں کمیونٹی کے سرگرم کارکنوں کی طرف سے قائم کردہ ایک ترقی پسند کمیونٹی اخبار ہے۔

## سیاسی مسلک

کنکشن اپنی سیاسی مسلک کو لیفٹ - پلورلیزم کے طور پر بیان کرتا ہے، جیسے کہ، اس میں سیاسی سپیکٹرم کے ترقیاتی پہلو پر مبنی اختلافی نظریات شامل ہیں۔ مصنفین کے رہنما اصول کے مشاہدہ کے مطابق " ہمارے تعصب کا عکس ہمارے کنکشن میں شمولیت سے متعلق کام پر پڑتا ہے، لیکن ہمارے منتخب کردہ رہنما اصول کے اندر، ہم کوشش کرتے ہیں کہ موضوعات کے مختلف نقطہ نظر کو لے کر اور مختلف اقسام کے مقاصد اور حکمت عملی کی پیشکش شامل کریں۔ ہم اپنے قارئین کو ہمارے کام کے لب لباب کی غیر جانبدار خلاصہ فراہم کرنے کی کوشش کرتے ہیں، اور اپنے قارئین کے فیصلے پر چھوڑ دیتے ہیں۔"۔کنکشن وسیع اصولوں کی شناخت کرتا ہے جو اس کے فیصلے، جس میں کنکشن لائبریری میں شامل کرنے کے لیئے کس قسم کی مواد منتخب ہوتی ہے اس کی رہنمائی کرتا ہے۔

لیننسٹ (Leninist)، ٹروٹسکیسٹ (Trotskyist) یا بعد جدیدیت (post-modernist ) کی ظاہری تناسب سے لکھے ہوئے دستاویزات شامل نہیں ہیں ۔ کنکشن کے اصولوں میں عام طور پر شہری آزادی، انسانی حقوق، آزادی تقریر، پریس کی آزادی، سیکولرزم، اور جمہوری اصول کے لئے ایک مضبوط عزم شامل ہیں. کنکشن خود کو سنسرشپ، اور جنس، جنسی واقفیت، نسلی، یا قومیت کی بنیاد پر تمام اقسام کے تفریق اور جبر کے خلاف عظم کا اعلان کرتا ہے۔

## منڈیٹ کا بیان

آزادی اور سماجی انصاف کے لئے کام کرنے والے افراد اور گروپوں کی حمایت کے لیئے کنکشن موجود ہے- ہم سماجی تبدیلی اور ظلم و جبر کے خلاف جدوجہد کرنے والے لوگوں کے نظریہ اور ضابطہ عمل کے ایک ریکارڈ برقرار رکھنے کے لئے کام کرتے ہیں ۔ ہم یقین رکھتے ہیں کہ ہمیں جتنی زیادہ جانکاری حاصل ہو گی ان جدوجہد، برتری، اور ماضی کے شکست کے بارے میں، اور ان کے بارے میں جنہوں نے ان میں حصہ لیا تھا، ہم اتنے ہی بہتر طور پر ایک نئی دنیا کی تخلیق کر سکیں گے ۔

کنکشن کتابوں اور دستاویزات کی ایک مادی محافظ خانہ (The Connexions Archive) کو برقرار رکھتا ہے اور دستاویزات کی ایک انڈکس شدہ ڈیجیٹل آرکائیو کی تعمیر اور اس کو وسیع کرنے کے لئے ایک جاری شدہ منصوبے میں مصروف ہے۔ ہم وسیع پیمانے پرکئی اقسام کے وسائل کو نمایاں کرنے کی کوشش کرتے ہیں، جو سماجی تبدیلی کی حکمت عملی اور مختلف نقطہ نظرکو منعکس کرتی ہے، جس میں مجموعی منڈیٹ کے اندررہتے ہوئے ہماری حمایت جمہوریت ، شہری آزادی، اظہار کی آزادی، عالمی انسانی حقوق، سیکولرزم، مساوات، اقتصادی انصاف، ماحولیاتی ذمہ داری، اور کمیونٹی کی تخلیق اور تحفظ شامل ہے۔

ہم اپنے نفاذ میں بین الاقوامیت کے حامی ہیں، لیکن کینیڈا کی بنیاد پر مبنی ایک منصوبہ کے طور پر ہم کینیڈا کے سرگرم کارکن تنظیموں کی پروفائلزاور کینیڈا کے دستاویزات کی ایک خاص وسیع مجموعہ کی نمائش کرتے ہیں۔"

## بیان اقدار

ہم یقین رکھتے ہیں . . . . . .

1۔ سماجی انصاف کے لئے بنیادی تحریکوں کی تاریخ کو محفوظ رکھنے کے اقدار میں اور نئی نسلوں تک ان کو پہنچانے میں ۔

2 ۔ ان کی یادوں ، تجربوں، حکمت عملی، کامیابی، ناکامیوں، اور نظریات کو زندہ رکھنے کی اہمیت پر، جنہوں نے سالوں تک سماجی انصاف کے لئے کام کیا تاکہ آنے والی نسلیں ان سے سیکھ سکیں اور ان سے حوصلہ افزائ حاصل کر سکیں۔

3۔ روایت میں 'حسٹری فرام بیلو' (history from below) - انسانی تاریخ (people's history) -

ایک ایسی سیاسی ثقافت کا سامنا کرتے ہوئے مزاحمت کی یادوں کو زندہ رکھنے میں کارگر ہے جو تاکید کرتی ہے کہ جس طرح سے حالات ہیں ان کا کوئی متبادل نہیں ، اور یہ کہ 'مزاحمت بے اثر ہے' ۔

4۔ تنوع اور کثیریت کی اہمیت میں ، ریکارڈنگ کی، اور وسیع پیمانے پرسماجی تبدیلی اور سماجی انصاف کے حکمت عملی کی دستیابی پر، ہمارا مقصد ، جو بہترطور پر ہم کر سکتے ہیں، ان وسائل کی نمائش کرنا ہے، جو مختلف نظریات اور سماجی انصاف کی ایک متبادل حکمت عملی کی عکاسی کرتے ہیں ۔

5۔ ہماری تاریخ کو جاننے کی قدرو قیمت میں، یہ جاننا کہ لوگ ایک بہتر دنیا کے لیئے سطحی طور پر کئی دہائیوں سے کام کر رہے ہیں، اور ان مسائل کے بارے میں جاننا جس کا انہوں نے سامنہ کیا اور کس طرح ان سے نمٹنے کی کوشش کی ۔

6۔ آج اور آنے والے کل کے سرگرم کارکنوں میں بزرگوں اور جو لوگ گزر گئے ہیں، ان کے تجربے اور علم کو منتقل کرنے کی قدرو قیمت پر۔ یہ دانائ اور تجربے کے وہ دھاگے ہیں جسے تبدیلی کے لئے ہماری تحریکوں کی گل کاری میں بنا جا سکتا ہے۔

7۔ معلومات کی شراکت کے ساتھ ہی ساتھ اس کی حفاظت کی اہمیت میں. ہمارا مقصد آرکائیو کے مواد کو ممکنہ طور پر وسیع پیمانے میں، مختلف وضع اور زبانوں میں دستیاب کرنا ہے ۔

8۔ مختلف جگہوں پر لوگوں کو منسلک کرنے میں. لوگوں کے مقامی عمل پر اور عالمی سطح پر سوچنے کے لئے، یہ جاننے میں مدد ملتی ہے کہ دوسرے جگہوں میں لوگوں کو کیا سامنا ہے اور وہ کس طرح تبدیلی کے لئے کوشش کررہے ہیں ۔

9۔ جمہوریت، شہری آزادی، آزادیء تقریر،عالمی انسانی حقوق، سیکولرزم، مساوات، اقتصادی انصاف، ماحولیات، اور کمیونٹی کی تخلیق اور تحفظ کی اقدار میں، جن کی حمایت کی جستجو ہم کنکشنز آرکائیو کے ذریعے کرتے ہیں ۔

## بین الاقوامی انٹرنشپ پروگرام

کنکشن ایک سماجی انصاف انٹرنشپ پروگرام چلاتا ہے جو بہت سے مختلف ممالک کے ساتھ ہی سارے کینیڈا کے اندرقیام پزیر انٹرنس اور رضاکاروں کو اپنی طرف متوجہ کرتا ہے ۔ انٹرنس الکٹرانک آرکائیو تیار کرنے، دستاویزات اور تصاویر کی سکریننگ، تحریری وضاحتیں، اور مارکیٹنگ پر کام کرتے ہیں ۔ کنکشن اپنے کنٹرولڈ - وکیبیولری سرچ ٹرمز کو فرانسیسی، ہسپانوی، جرمن اور دیگر زبانوں میں ترجمہ کرنے کے دوران عمل ، اور اس میں مدد کرنے کے لئے مزید رضاکاروں کی تلاش میں ہے ۔

## مقام

کنکشن کی آفس شہر کے مرکز ٹورنٹو، کینیڈا میں واقع ہے۔ کنکشن ویب سائٹ www.connexions.org ہے۔